# 1395 ـ خنزیر کے گوشت کے ساتھ لگنے والے لباس میں نماز ادا کرنا

**سوال**

میں ریسٹورنٹ میں ملازم ہوں، اور میرے کام کا دورانیہ رزانہ بارہ گھنٹے ہے، اور خنزیر سے بننے والی اشیاء کے ساتھ مشغول رہنے کی بنا پر سارا دن ہی میری حالت گندی رہتی ہے، اس لیے نماز ادا کرنے کی کونسی شروط ہونگی؟
اور کیا غسل کرنے کے بعد میں سارے دن کی نمازیں اکٹھی ادا کر سکتا ہوں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اللہ تعالی کے حکم کے مطابق نجاست دور کر کے نماز پنجگانہ وقت مقررہ میں ادا کرنی فرض ہیں، میرے بھائی آپ کوئی اور ایسی ملازمت تلاش کریں جس سے آپ حلال روزی کما سکیں، کیونکہ خنزیر کا گوشت پکانا اور دوسروں کو پیش کرنا حرام اور ناجائز ہے.

اللہ تعالی آپ کو اپنے پسندیدہ اور رضا مندی کے کام کرنے کی توفیق نصیب فرمائے، اور ہمارے اور اللہ تعالی کو ناراض اور غضب دلانے والے اسباب سے دوری ڈال دے.

واللہ اعلم .